# اُردو کی کرن

## برائے جماعت اوّل

☆ کتاب کی ہفتہ وار تقسیم

☆ رہنمائی برائے اساتذہ

☆ حل شدہ مشقیں

البا قیو انٹرنیشنل

# تدریسِ اردو کے رہنما اصول

تدریسِ اردو کے رہنما اصول درج ذیل ہیں:

## ۱۔ سننا:

کسی بھی زبان کو سکھانے کا پہلا مرحلہ بغور سننا ہے۔ لہٰذا کسی بھی زبان کو بہتر طور پر سمجھنے کے لیے ضروری ہے کہ بچّوں کو اس زبان کو بغور سننے کا عادی بنایا جائے۔

**اساتذہ کے لیے ضروری ہے کہ:**

☆ گفتگو کے دوران ادائی اور تلفظ کا خیال رکھیں۔

☆ معیاری اور دلچسپ گفتگو کریں۔

☆ دورانِ گفتگو یا وضاحت سوالات لازمی پوچھیں اور بچوں کو ان سوالات کے جوابات سوچنے کا موقع دیں۔

☆ بچّوں میں مطالعے کا شوق پیدا کرنے کے لیے ان کو دیگر رسائل و کتب سے واقعات اور کہانیاں سنائیں۔ بچّوں کو مطالعے کی طرف راغب کرنے کے لیے کسی لائبریری یا پارک میں لے جا کر کہانیاں سنائیں اور ان کو کہانیوں کی کتب پڑھنے کی عادت ڈالیں۔

## ۲۔ بولنا:

سننے کے عمل کے بعد دوسرا مرحلہ بولنے کا ہے۔ اس لیے ضروری ہے کہ:

☆ بچّوں کو اپنے خیالات کے اظہار کا موقع فراہم کیا جائے۔

☆ بچّوں کو بنے بنائے جوابات بتانے اور رٹوانے کی بجائے جوابات اخذ کرنے اور اپنے الفاظ میں بیان کرنے کا موقع دیا جائے۔

☆ کہانی اور واقعات سنانے کی ترغیب دی جائے۔

☆ ہر بچّے کی شرکت یقینی بنائی جائے۔

## ۳۔ پڑھائی:

پڑھائی بہتر بنانے کے لیے:

☆ بچّوں کو پڑھنے کے زیادہ سے زیادہ مواقع فراہم کیے جائیں۔

☆ اساتذہ بطور نمونہ بلند خوانی کریں اور اس کے بعد ہر بچّے کو پڑھنے کا موقع دیا جائے۔

☆ تلفظ درست کروایا جائے۔

## ۴۔ لکھائی:

نصاب کی جلد از جلد تکمیل کے لیے اساتذہ عام طور پر لکھائی کی طرف توجہ نہیں دیتے۔ اساتذہ کرام کے لیے ضروری ہے کہ:

☆ لکھائی کے لیے املا کا طریقہ کار اپنائیں۔

☆ مشقی سوالات کے جواب لکھوانے کے ساتھ ساتھ خوشخطی بھی کروائیں۔

☆ اغلاط کی اصلاح بچّوں کی کاپیوں پر ہی کی جائے۔

## ۵۔ خود اصلاحی:

بچّوں سے خود اصلاحی کروانے کے لیے ضروری ہے کہ:

☆ استادِ محترم تحریری کام کروانے کے بعد درست جوابات یا درست الفاظ تختۂ تحریر پر لکھیں۔

☆ بچّے تختۂ تحریر سے دیکھ کر اغلاط نشان زد کریں۔

☆ درست الفاظ کم از کم تین مرتبہ لکھیں۔

## ۶۔ تفہیم:

تفہیمی صلاحیتوں میں اضافے کے لیے ضروری ہے کہ بچّوں سے جوابات اخذ کروائے جائیں۔ اس عمل کے لیے:

☆ ان سے کوئی عبارت پڑھوائی جائے یا سبق ہی میں سے جوابات تلاش کرنے کے لیے کہا جائے۔

☆ جوابات اپنے الفاظ میں لکھنے کے لیے کہا جائے۔

☆ تخلیقی لکھائی کے لیے پہلے حروف سے الفاظ بنانے اور الفاظ سے جملے بنانے کا کام کروایا جائے۔

☆ مزید تحریری استعداد بڑھانے کے لیے پہلے موضوع سے متعلق زبانی گفتگو کریں۔

☆ بچّوں کو اظہارِ خیال کا موقع دیں۔

## ۷۔ معاوناتِ تدریس:

معاونات تدریس نہ صرف سبق کو بہتر طور پر سمجھنے میں مددگار ہوتے ہیں بلکہ ان سے بچّوں کے لیے موضوع میں دلچسپی پیدا ہوجاتی ہے اور وہ شوق سے سیکھتے ہیں۔ لہٰذا بچّوں کی بہتر سمجھ کے لیے سمعی و بصری معاونات کا بر وقت استعمال نہایت ضروری ہے۔

ملٹی میڈیا، کہانی اور نظموں کی کیسٹیں، کیوآر کوڈ، فلیش کارڈز اور چارٹ وغیرہ تدریس کی کارکردگی کو بہتر بناتے ہیں۔ان سب کا مؤثر استعمال بہت ضروری ہے۔

۸۔ **حوصلہ افزائی:**

حوصلہ افزائی بچّوں کا بنیادی حق ہے، جو ان کی صلاحیتوں کو جلا بخشتی ہے اور خود اعتمادی پیدا کرتی ہے۔

# نظم/سبق پڑھانے کا طریقہ تدریس

i۔ گذشتہ معلومات کا جائزہ بذریعہ تخلیقی طریقہ کار

ii۔ نئے عنوان/موضوع کا تعارف

iii۔ اہم الفاظ کا تعارف

iv۔ بلند خوانی + تشریح

v۔ گرائمر کا تعارف

vi۔ جانچ

vii۔ سرگرمی

viii۔ گھر کا کام

ix۔ اختتام

# وقت کی تقسیم

**آغاز:** ۳ سے ۵ منٹ

**طریقہ تدریس:** ۲۰ سے ۲۵ منٹ

**سرگرمی:** ۳ سے ۴ منٹ

**جانچ:** ۲ سے ۵ منٹ

**گھر کا کام:** ۲ سے ۳ منٹ

**اختتام:** ۲ سے ۳ منٹ

# ہفتہ وار تقسیم

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱<br>حُروفِ تہجی اور ابتدائی<br>اشکال | ۲<br>بھاری الفاظ والے حُروف<br>+<br>حروفِ علت + ارکان سازی | ۳+۴<br>الفاظ سازی | ۶+۵<br>الفاظ سازی |
| ۷<br>'و' اور 'ی' کی اقسام<br>+ دہرائی | ۸<br>اعراب | ۹<br>تشدید + نون غنہ | ۱۰+۱۱<br>دہرائی |
| ۱۲+۱۳<br>حمد | ۱۴+۱۵<br>نعت | ۱۶+۱۷<br>میرا تعارف | ۱۸+۱۹<br>علی کا گھر |
| ۲۰<br>دہرائی | ۲۱<br>میرا اسکول | ۲۲<br>صحت وصفائی | ۲۳<br>آدابِ گفت گو |
| ۲۴<br>دہرائی | ۲۵<br>صبح کی آمد | ۲۶<br>پالتو جانور | ۲۷<br>اچھی باتیں |
| ۲۸<br>سچّائی کا انعام | ۲۹<br>دہرائی | ۳۰<br>گرمی کا موسم | ۳۱<br>ہمارا دیس |
| ۳۲<br>ٹریفک کے اشارے | ۳۳<br>دہرائی | ۳۴<br>سچ کہو | ۳۵<br>دہرائی |
| ۳۶<br>دہرائی | | | |

# جماعت کا پہلا دن

- ☆ طلبہ کو نئی جماعت میں خوش آمدید کہیں۔
- ☆ اُن کو اپنا تعارف کروائیں۔
- ☆ ان سے اُن کے نام پوچھیں۔
- ☆ اُن سے پوچھیں کہ اُنھیں نئی جماعت میں آ کر کیسا لگ رہا ہے۔
- ☆ اُنھیں کمرا جماعت کو صاف رکھنے، دل لگا کر پڑھنے، ساتھیوں کا خیال رکھنے اور روز کا کام روز کرنے کی نصیحت کریں۔
- ☆ اُردو کی کتاب کا تعارف کروائیں۔ سرِ ورق کے متعلق بات چیت کریں۔
- ☆ طلبہ سے پوچھیں کہ اُردو پڑھنا کیوں ضروری ہے۔ اُنھیں سمجھائیں کہ اُردو ہماری قومی زبان ہے اور یہ ہمیں ملک کے تمام حصّوں اور لوگوں سے جوڑتی ہے۔
- ☆ کیو آر کوڈ کا تعارف کروائیں۔ طلبہ کو سمجھائیں کہ موبائل، کتاب پر رکھنے اور کیو آر کوڈ کو کلک کرنے سے کتاب موبائل میں کھُل جائے گی اور بولنے لگے گی۔
- ☆ فہرست متعارف کروائیں۔
- ☆ طلبہ سے وعدہ لیں کہ وہ اپنی کتاب کا خیال رکھیں گے۔

ہفتہ نمبر:۱

| موضوع/عنوان: | (اعادہ)حُروفِ تہجی |
|---|---|

**پیریڈدرکار:2** **وقت درکار: 80منٹ**

**تدریسی مقاصد:**

☆ طلبہ کوحروفِ تہجی کی شناخت اوران کی آوازوں کا اعادہ کروانا۔

**تدریسی معاونات:**

☆ حروفِ تہجی سے متعلقہ اشیا کے فلیش کارڈز۔

☆ اُردُو کی کرن (کتاب)۔

☆ تختہ تحریر، مارکر، ڈسٹر۔

**آغاز:**

☆ طلبہ کوخوش آمدید کہیں اوراُن کا حال احوال دریافت کریں۔

☆ جماعت میں موجود اشیا کی جانب توجہ دلائیں اوران کے نام اردو میں پوچھیں اور بتائیں۔ان کے ناموں کے شروع کی آوازیں پوچھیں اور بتائیں۔مثلاً ''کتاب'' اورشروع کی آواز ہے/ک/۔

**طریقہ تدریس:**

☆ حروفِ تہجی کے کارڈز دکھا کر اعادے کے طور پر تمام حروف کے نام اور آوازیں پوچھیں، مثلاً ''پ'' دکھائیں اور پوچھیں کہ اس حرف کا نام کیا ہے اور کیا اس کی آواز ہے''پا''؟ (مختصر ترین آواز جوکسی لفظ کے آخر میں آنے پر آتی ہے، مثلاً تاپ کے آخر میں آنے والی آواز "پے" کی اصل آواز ہے)۔

☆ فلیش کارڈز سے پڑھائی کے بعد بورڈ پر''ا'' سے''ے'' تک حروف درست بناوٹ سے لکھ کر دکھائیں۔ جب معلّمہ لکھے تو بچے اس کے ساتھ ہوا میں لکھ رہے ہوں۔حروف لکھتے ہوئے ان سے شروع ہونے والی اشیا کے نام بھی لیتے جائیں۔ جو بچے جلد لکھ لیں ان سے لکھے گئے حروف کے اوپر خالی جگہ میں ان حروف سے شروع ہونے والی چیزوں کی تصاویر بنوائیں۔ بچے جو بھی بنائیں، آپ ان سے پوچھیں کہ یہ کیا ہے؟ اگر''ج'' کے اوپر بنائی جانے والی تصویر

''ج''، ہی سے شروع ہونے والا نام ہے تو آپ کو اندازہ ہو جائے گا کہ اس بچے کو آواز کی درست پہچان ہے۔

☆ کاپی میں ''ا'' سے ''ے'' تک درست ترتیب اور بناوٹ سے لکھوائیں۔

**سرگرمی:**

☆ معلّمہ بچوں کے ہاتھ میں حروف اور کچھ بچوں کے ہاتھ میں تصویری کارڈ دے۔ حروف کے کارڈ والے بچے ایک طرف اور تصویری کارڈ والے بچے دوسری طرف کھڑے ہوں۔ تالی بجانے پر تصویر والے بچے حروف کے کارڈ والے بچوں کے ساتھ اور حروف کے کارڈ والے بچے تصویر والے بچوں کے ساتھ جوڑی بنا کر کھڑے ہو جائیں۔ اس طرح سے بچوں میں لفظ کی شروع کی آواز کا نظریہ واضح کرنے میں آسانی ہوگی۔

**سرگرمی۲:**

☆ کچھ تصاویر کے فلیش کارڈز تختۂ تحریر پر چسپاں کریں اور طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں کہ وہ تصاویر کے ناموں کا پہلا حرف تختۂ تحریر پر لکھیں۔

**سرگرمی۳:**

☆ طلبہ جوڑی کی شکل میں ایک دوسرے سے 'ا تا ے' حروف تہجی کی ابتدائی آوازیں سنیں۔

**جانچ:** طلبہ سے تختۂ تحریر پر حروفِ تہجی لکھوائیں۔

**گھر کا کام:** کاپی میں 'ا سے ے' تک حروف تہجی لکھیں۔

**اختتام:** طلبہ مل کر ا، ب، پ کا گیت گائیں۔

## ہفتہ نمبر:۱

| موضوع/عنوان: | حُرُوف کی ابتدائی اشکال |
|---|---|

**پیریڈ درکار:2** **وقت درکار: 40 منٹ**

---

**تدریسی مقاصد:**

☆ طلباء کو حُرُوف کی ابتدائی اشکال کی شناخت کرنے اور لکھنے کے قابل بنانا۔

**تدریسی معاونات:**

☆ حروفِ تہجی سے متعلقہ اشیاء کے فلیش کارڈز۔

☆ اُردُو کی کرن (کتاب)۔ ☆ تختہ تحریر، مارکر، ڈسٹر۔

**آغاز:**

☆ طلبہ کو خوش آمدید کہیں۔

☆ طلبہ سے ان کے خاندان کے متعلق پوچھیں۔ ان سے دریافت کریں کہ کیا ان کے گھروں میں رہنے والے تمام افراد کی عمریں اور قد ایک جیسے ہیں۔

☆ طلبہ کو بتائیں کہ جس طرح ہمارے خاندان میں کچھ بڑے اور کچھ چھوٹے لوگ ہوتے ہیں اسی طرح حروف تہجی میں بھی ہر حروف کا چھوٹا بہن بھائی ہے جسے حروف تہجی چھوٹی یا ابتدائی اشکال کہا جاتا ہے۔

**طریقہ تدریس:**

☆ تختہ تحریر پر تمام حروف کی ابتدائی اشکال متعارف کروائیں اور طلبہ سے ہوا میں حروف کی ابتدائی اشکال لکھوائیں۔

☆ طلبہ سے کتاب کا صفحہ نمبر ا پڑھوائیں۔

سرگرمی: حروف تہجی کی پوری یعنی سالم اور ابتدائی اشکال کے فلیش کارڈز بنا کر بچّوں کے ہاتھ میں پکڑائیں۔ اب ایک بچّہ ''ب'' کی سالم شکل کا کارڈ دکھائے اور دوسرا بچّہ جس کے پاس ''ب'' کی ابتدائی شکل کا کارڈ ہو، وہ بھی کارڈ دکھائے۔

**گھر کا کام:** طلبہ کاپیوں پر حروف کی ابتدائی اشکال لکھیں۔

**اختتام:** طلبہ ایک دوسرے کے کام کو دیکھیں۔

## ہفتہ نمبر: ا

| موضوع/عنوان: | حُروف اور اُن کی ابتدائی اشکال |
|---|---|

**پیریڈ درکار: 1** **وقت درکار: 40 منٹ**

**تدریسی مقاصد:**

☆ طلبہ کو ابتدائی اشکال کی شناخت کرنے اور لکھنے کے قابل بنانا۔

**تدریسی معاونات:**

☆ تختہ تحریر، مارکر، ڈسٹر، کتاب، فلیش کارڈز

**آغاز:**

☆ طلبہ کوخوش آمدید کہنے کے بعد ان کا حال احوال دریافت کریں۔ اُنھیں ا، ب، پ کا گیت گانے کو کہیں۔

**طریقہ تدریس:**

☆ تختہ تحریر کو دو حصّوں میں تقسیم کر دیں۔ ایک حصّے میں حُروف تہجی لکھیں اور دوسرے حصّے میں طلبہ سے اُن کی حُروف کی ابتدائی اشکال لکھنے کو کہیں۔

☆ طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں کہ وہ کاپیوں میں حُروف اور اُن کی ابتدائی اشکال لکھیں۔

**سرگرمی:** طلبہ کو حُروف کی ابتدائی اشکال کے کارڈز دکھا کر حرف کا نام بتانے کو کہیں۔

**گھر کا کام:** گھر کا کام کتاب کا صفحہ نمبر ۳+۲ مکمل کریں۔

**جانچ:** بذریعہ تحریری کام۔

**اختتام:** طلبہ ایک دوسرے کا کام دیکھیں۔

## ہفتہ نمبر: ۲

| موضوع/عنوان: | مصوتے اور حروفِ علت (اعادہ) |
|---|---|

(جماعت کی استطاعت کے مطابق وقت کا استعمال کریں)

**تدریسی مقاصد:**

☆ طلبہ ''ا، و، ی، ے'' کو بطور حروفِ علت سیکھ سکیں۔

☆ طلبہ مختلف کے ساتھ حروفِ علت کو ملا کر ارکان سازی کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

☆ ''ا، و، ی، ے'' کے تعارف کے فلیش کارڈز۔ ☆ تختہ تحریر، مارکر، ڈسٹر، کتاب۔

آغاز:

☆ طلبہ کو خوش آمدید کہیں اور حروفِ علت کا تعارف کروائیں۔

☆ الفاظ کے آخر کی آوازوں کا اعادہ کرواتے ہوئے ''ا'' کا تعارف کروائیں، اس کی آواز ''ا'' ہے اور جب یہ کسی حرف سے ملتا ہے تو تھوڑی لمبی آواز دیتا ہے۔

☆ ذخیرہ الفاظ بتائیں۔(تارا، باجا، مالا، تالا، کالا، چاچا، چارا، کاٹا، مارا۔۔۔)

☆ طلبہ کو سمجھائیں کہ ''الف'' کی بطور مصوتہ آواز اَنار، اَمی۔۔۔ میں آتی ہے اور بطور مصوتہ لمبی ہوتی ہے، جیسے بابا، بچوں کو سمجھانے کے لیے بتائیں کہ الف جب شروع میں آتا ہے تو چھوٹی سی آواز دیتا ہے اور آخر میں آتا ہے تو لمبی، جیسا کہ ''با''۔ اس آواز کو جتنا چاہیں کھینچ سکتے ہیں، جیسا کہ بااااا۔۔۔

☆ تختہء تحریر پر ''و'' لکھ کر اس کی بطور مصوتہ آواز ''اوُ'' یا انگریزی کا "O" سکھائیں۔

☆ ذخیرہ الفاظ بتائیں: (سوچو، ٹوکو، لوگو، موڑو، جوڑو، توڑو)

☆ طلبہ کو بتائیں کہ ''وُ'' کی بطور مصوتہ آواز ورق، وضو۔۔۔ ہے۔ مگر یہاں بطور مصوتہ ''وُ'' انگریزی کے ''O'' کی طرح سکھائی جاتی ہے۔ اس لیے شروع میں آنے والے ''وُ'' کی آواز چھوٹی ہوتی ہے اور آخر میں آنے والے ''وُ'' کی آواز لمبی ہوتی ہے۔ اس کو جتنا چاہو کھینچ سکتے ہو۔

☆ ''ی'' بطور مصوتہ متعارف کروائیں۔

☆ ''ی'' کی بطور مصوتہ آواز جو انگلش کے 'ای' "E" کی طرح ہوتی ہے، سکھائیں۔

☆ ذخیرہ الفاظ بتائیں۔(باجی، باسی، تازی، روٹی، موٹی، کوٹی، موتی)۔

☆ طلبہ کو بتائیں کہ ''ی'' کی بطور مصوتہ آواز وہ ہے جو ''یکے'' میں آتی ہے لیکن یہاں صرف آخر یا درمیان میں آنے والی "E" کی آواز سکھائیں۔

☆ بچوں کو بتائیں کہ ''ی'' اگر شروع میں ہو تو مختصر سی آواز دیتی ہے لیکن آخر میں آنے پر اس کو جتنا چاہیں کھینچ سکتے ہیں۔

☆ ''ا، و، ی'' بطور مصوتے اور حروفِ علت اعادہ کروائیں۔

☆ ''ے'' کی بطور مصوتہ آواز جو انگلش کے 'اے' "A" کی طرح ہوتی ہے، سکھائیں۔

☆ ذخیرہ الفاظ بتائیں۔(تارے، جاگے، مارے، سوتے، روتے، ہولے)

☆ فلیش کارڈز دکھائیں۔

☆ طلبہ کو سمجھائیں کہ ''ے'' کی بطور مصوتہ آواز وہ ہے جو ''یکے'' کے شروع میں آتی ہے۔ لیکن یہاں صرف آخر میں آنے والی "ے" کی آواز سکھائیں۔

☆ بچوں کو بتائیں کہ ''ے'' اگر شروع میں ہو تو مختصر سی آواز دیتی ہے لیکن آخر میں آنے پر اس کو جتنا چاہیں کھینچ سکتے ہیں۔

☆ ''ا، و، ی، ے'' بطور مصوتے اور حروفِ علت اعادہ کروائیں۔

☆ کتاب کے صفحہ ۴ کو تختہ تحریر پر متعارف کروا کے مکمل کریں۔

☆ طلبہ سے تختہ تحریر پر حروف کو مصوتوں سے جوڑنے کی مشق کروائیں۔

**گھر کا کام:** معلّمہ طلبہ کو کاپی پر مختلف حروف کو مصوتوں سے ملانے کی مشق کرنے کے لیے دے۔

**اختتام:** مصوتوں کے فلیش کارڈز دکھا کر طلبہ سے ان کی شناخت کروائیں۔

## ہفتہ نمبر: ۳+۴

| موضوع/عنوان: | الفاظ سازی |
|---|---|

(پورا ہفتہ اس طریقہ تدریس کے مطابق گزاریں اور طلبہ کی استطاعت کے مطابق وقت کا استعمال کریں)

### تدریسی مقاصد:

☆ طلبہ کو حروف جوڑ کر الفاظ بنانے کے قابل بنانا۔

### تدریسی معاونات:

☆ دو حرفی، سہ حرفی اور چار حرفی الفاظ کے فلیش کارڈز۔

☆ تختہ ءتحریر، مارکر، ڈسٹر، کتاب۔

### آغاز:

☆ طلبہ کو بتائیں کہ حروف مل کر ارکان اور رکن مل کر الفاظ بناتے ہیں۔ طلبہ سے حروفِ علت تختہ تحریر پر لکھوائیں۔

### طریقہ تدریس:

☆ بچّوں کو یہ بتائیں کہ ''ا'' کو جب ''ب'' کے خاندان کے حروف سے جوڑا جاتا ہے تو ''ا'' جو کہ اوپر سے نیچے کی جانب لکھا جاتا ہے، اس صورت میں نیچے سے اوپر کی طرف لکھا جاتا ہے۔ اس کی مشق کے لیے ''ا'' کو ''ب'' کے خاندان کے تمام حروف کے ساتھ جوڑیں۔

☆ کچھ طلبہ کے ہاتھ میں دو حرفی الفاظ (با، پا، تا، ٹا، ثا) کے کارڈز دیں اور بچوں سے پڑھنے کو کہیں، بعد میں کچھ بچوں

کے ہاتھ میں ''ا'' کے کارڈز اور کچھ کے ہاتھ میں (ب، پ، ت، ٹ، ث) کے کارڈز دیں اور بچوں کو درست ترتیب میں کھڑا کریں۔ اب طلبہ کو با، پا، تا وغیرہ کے ساتھ مختلف حروف جوڑ کر تین حرفی الفاظ بنانا اور پڑھنا سکھائیں۔

☆ اب طلبہ کو ''ج'' کے خاندان کو ''ا'' سے ملانا سکھائیں اور بورڈ پر بڑا سا ''ج'' لکھ کر اس کو ''ا'' سے ملانے کے لیے شکل کی تبدیلی کے بارے میں بتائیں کہ ''ج'' نے اپنی گولائی ہٹا دی اور چھوٹی شکل بنا کر ''الف'' سے ملا تو دونوں کی بہت اچھی دوستی ہوگئی۔ اسی طرح ''ج'' کے دوسرے بھائیوں ''چ، ح اور خ'' نے کیا۔

☆ ذخیرہ الفاظ کے فلیش کارڈز سے اعادے کے بعد تختۂ تحریر پر ج، چ، ح، خ کی چھوٹی اشکال کا اعادہ کروائیں۔ پھر تختۂ تحریر پر درست لکھ کر بچوں سے کاپی میں نقل کروائیں۔

☆ اس کے بعد کچھ بچّوں کے ہاتھ میں ''ب'' اور ''ج'' کے خاندان کو ''ا'' سے ملانے کے بعد کے فلیش کارڈز دیں اور کچھ کے ہاتھ میں حروفِ تہجی کے کارڈز دیں۔

☆ اب بچّوں کے ساتھ کھڑے ہو کر تین حرفی الفاظ بنوائیں اور تختۂ تحریر پر بھی لکھیں۔

☆ شرارتی حروف کا تعارف کروائیں اور طلبہ کو بتائیں کہ یہ شرارتی حروف ''الف'' کے ساتھ ملتے ہوئے الگ رہیں گے، مثلاً: دا، ڈا، ذا، ڑا، را، زا، ژا۔

☆ اب کچھ بچّوں کے ساتھ کھڑے ہو کر شرارتی حروف کی مدد سے چہار حرفی الفاظ بنوائیں اور تختۂ تحریر پر بھی لکھیں۔

☆ طلبہ سے کاپی پر الفاظ بنانے کی مشق کروائیں۔

☆ بچّوں کو تختۂ تحریر پر لکھ کر بتائیں کہ شرارتی حروف کی طرح س، ش، ص، ض کی چھوٹی اشکال بھی الف سے مل کر اپنی شکل تبدیل نہیں کرتیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| سا | شا | صا | ضا |
| طا | ظا | | |

☆ ع، غ، ف، ق کی الگ اور ک، گ اور ل کی وضاحت الگ کریں۔

☆ طلبہ سے کاپی پر مزید تین حرفی الفاظ بنوائیں۔ ☆ طلبہ سے کتاب کا صفحہ ۵+۶ پڑھوائیں۔

## سرگرمی:

☆ معلّمہ تختۂ تحریر کو دو کالم میں بانٹ دے۔ ایک جانب توڑ اور دوسری جانب جوڑ متعارف کروا کے طلبہ کو دو گروہوں میں تقسیم کر دے۔ ایک گروہ کا بچّہ آئے تختۂ تحریر پر توڑ لکھے مثلاً ما+ ر دوسرے گروہ کا بچّہ آ کر اس کا جوڑ لکھے یعنی مار۔

**جانچ:** بذریعہ تحریری کام۔

**اختتام:** طلبہ کتاب کے صفحہ نمبر ۶ پر لکھے گئے الفاظ ایک دوسرے کو پڑھ کر سنائیں۔

# ہفتہ نمبر:۲+۳

| موضوع/عنوان: | الفاظ سازی (املا) |
| --- | --- |

(طریقہ تدریس ہمارا استعمال کریں مگر وقت کی تقسیم جماعت کی استطاعت کے مطابق کریں)

## تدریسی مقاصد:

☆ طلبہ کو حروف جوڑ کر الفاظ بنانے کے قابل بنانا۔

☆ طلبہ کو املا لکھنے کے قابل بنانا۔

## تدریسی معاونات:

☆ تختہ ءتحریر، مارکر، ڈسٹر، کتاب، فلیش کارڈز۔

## آغاز:

☆ طلبہ کو خوش آمدید کہیں۔ انھیں گروہی شکل میں بانٹ دیں۔ مختلف حروف اور ابتدائی اشکال کے کارڈز تقسیم کر کے انھیں تین حرفی الفاظ بنانے کو کہیں۔

## طریقہ تدریس:

☆ تختہ تحریر پر 'املا' کا لفظ لکھیں۔ طلبہ کو باری باری بلائیں اور تختہ تحریر پر مختلف الفاظ لکھنے کو کہیں۔

☆ غلطی کی صورت میں نرم رویہ اختیار کریں اور پیار سے درستی کریں۔

☆ طلبہ سے کاپیوں پر املا کروائیں۔

☆ صفائی سے کام کرنے والے طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں۔

## سرگرمی:

☆ طلبہ کو جوڑی کی شکل میں بانٹ دیں۔ جوڑی میں ایک بچّہ لفظ بولے اور دوسرا اُسے کاغذ پر لکھے۔

**جانچ:** بذریعہ املا۔

**اختتام:** طلبہ کو الفاظ لکھنے کا چیلنج دیں۔ مثلاً: طلبہ کو کہیں کہ دیکھتے ہیں کہ جو الفاظ میں بول رہی ہُوں وہ کون لکھ سکتا ہے۔ اُن کی حوصلہ افزائی کر کے الفاظ تختہ تحریر پر لکھوائیں۔

## ہفتہ نمبر: ۴+۵

| موضوع/عنوان: | الفاظ سازی |
|---|---|

ہم ترتیب سے الفاظ سازی بیان کر رہے ہیں۔ آپ اپنے بچّوں کی ذہنی استطاعت کے مطابق کام کو بانٹ لیں۔

---

### تدریسی مقاصد:

☆ طلبہ کو الفاظ سازی کے قابل بنانا۔

### تدریسی معاونات:

☆ کتاب، تختۂ تحریر، مارکر، ڈسٹر۔

### آغاز:

☆ طلبہ کو خوش آمدید کہیں۔ ہر بچّے کی حوصلہ افزائی کریں کہ وہ تختۂ تحریر پر ایک تین حرفی لفظ لکھے اور جماعت اُسے پڑھے۔

### طریقہ تدریس:

☆ طلبہ کے مابین با، پا، تا، ٹا۔۔۔۔۔۔ یا کے فلیش کارڈز تقسیم کر دیں۔

☆ ایک رکن کی آواز نکالیں۔ مثلاً: 'با' اور طلبہ سے کہیں کہ جس کے پاس یہ کارڈ ہے وہ جماعت کے سامنے آجائے۔

☆ اب دوسرے رکن کی آواز پیدا کریں۔ مثلاً: 'جا' اور طلبہ سے کہیں کہ جس کے پاس اِس رکن کا کارد ہے وہ بھی جماعت کے سامنے آجائے۔ اب جماعت کو دونوں ارکان ملا کر پڑھنے اور نیا لفظ بنانے کو کہیں۔

☆ اب طلبہ کو او، بو، پو۔۔۔۔۔۔۔۔ یو اور حروفِ تہجی کے کارڈز دیں۔ رکن بولیں اور جس بچّے کے پاس متعلقہ کارڈ ہو وہ جماعت کے سامنے آجائے۔ مثلاً: اگر معلّمہ بولے 'ٹو' تو جس کے پاس 'ٹو' کا کارڈ ہو وہ آگے جائے۔ پھر معلّمہ حروفِ تہجی بولے اور جس بچّے کے پاس متعلقہ کارڈ ہو وہ سامنے آجائے۔

☆ اب معلّمہ، طلبہ کو لفظ بنانے کو کہے۔ مثلاً: 'ٹو' +'ٹ' ٹوٹ اور لفظ کو تختۂ تحریر پر لکھ کر طلبہ سے دہرانے کو کہے۔ سہ حرفی الفاظ کی مشق کے بعد معلّمہ اسی طریقے سے چہار حرفی الفاظ بنوانے کی مشق کروائے۔

☆ تختۂ تحریر پر تمام بچّوں کو لکھنے کا موقع دینے کے بعد کاپیوں پر الفاظ سازی کروائے۔

☆ اسی طریقہ کار سے 'ی اور' کے الفاظ بنوائے۔

**سرگرمی:** بھرپور مشق کے بعد کتاب کے متعلقہ صفحات مکمل کروائے۔

**جانچ:** بذریعہ تحریری کام

**اختتام:** معلّمہ لفظ بولے، طلبہ تختہ تحریر پر کاغذ کے ٹکڑوں پر لکھیں۔

## ہفتہ نمبر:٦

| موضوع/عنوان: | **الفاظ سازی** (صفحہ نمبر۱۲) |
|---|---|

**پیریڈ درکار:2** **وقت درکار: 40 منٹ**

---

**تدریسی مقاصد:**

☆ طلبہ کو 'ی' کو 'ے' سے بدل کر نئے الفاظ بنانے کے قابل بنانا۔

☆ طلبہ کو 'و' کو 'ی' سے بدل کر نئے الفاظ بنانے کے قابل بنانا۔

☆ طلبہ کو 'و' کو 'ے' سے بدل کر نئے الفاظ بنانے کے قابل بنانا۔

**تدریسیمعاونات:**

☆ کتاب، تختہء تحریر، مارکر، ڈسٹر۔

**آغاز:**

☆ طلبہ کو خوش آمدید کہنے کے بعد ان سے تختہ تحریر پر 'ی' کے مختلف الفاظ لکھوائیں۔ طلبہ کو بتائیں کہ ان الفاظ میں 'ی' کی جگہ 'ے' لکھنے سے الفاظ بدل سکتے ہیں (سوتی، جاگی، گاتی، روتی، لائی اور چاٹی کے الفاظ لکھیں)۔

**طریقہ تدریس:**

☆ لفظ 'سوتی' میں 'ی' بدل کر 'سوتے' لکھیں اور طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں کہ 'ی' بدل کر 'ے' کی مدد سے نئے الفاظ بنائیں۔

☆ صفحہ نمبر۱۲ کو تختہ تحریر پر متعارف کروا کے طلبہ سے مکمل کروائیں۔

☆ طلبہ کو کتب میں صفحہ نمبر۱۴ مکمل کرنے میں مدد دیں۔

**سرگرمی:**

☆ طلبہ کو مختلف حروف کے فلیش کارڈ دیں۔ ہر بچہ اپنے کارڈ پر لکھے لفظ کو بدل کر لکھے اور جماعت کے سامنے پیش کرے۔

**جانچ:** بذریعہ تحریری کام۔

**اختتام:** صفائی سے کام کرنے والے طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں۔

## ہفتہ نمبر: ۲

| موضوع/عنوان: | بھاری آواز والے الفاظ |
|---|---|

**پیریڈ درکار: 2**　　**وقت درکار: 80 منٹ**

**تدریسی مقاصد:**

☆ طلباء کو اس قابل بنانا کہ وہ بھاری آوازوں کی شناخت کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

☆ تختہ تحریر، مارکر، ڈسٹر، کتاب۔　　☆ بھاری آوازوں (مرکب حروفِ تہجی) کے فلیش کارڈز۔

**آغاز:**

☆ طلبہ کو خوش آمدید کہیں اور ہلکے اور بھاری کے تصور کو واضع کرنے کے لیے ان سے مختلف چیزیں اٹھانے کو کہیں۔

**طریقہ تدریس:**

☆ طلبہ کو بھاری حروف کی آوازوں پہ مشتمل کہانی سنائیں مثلاً: ''بھولے کے پاس ایک بھالو ہے جو اسے بے حد پسند ہے۔ بھولا اپنے بھالو کو لے کر باغ میں گیا اور جھولا جھولنے لگا۔ تھوڑی دیر کے بعد وہ تھک گیا اور پھول دیکھنے لگ گیا۔ بھولا پھولوں کو دیکھ کر خوش ہو رہا تھا کہ ڈھول کے بجنے کی آواز سنائی دی وہ ڈھول کی آواز پر ناچنے لگ گیا۔''

☆ اب طلبہ کو بھاری حروف کے فلیش کارڈز دکھاتے ہوئے آوازوں کی درست ادائی کروائیں۔

☆ اکثر بچے یہ آواز ادا کرنے میں مشکل محسوس کرتے ہیں، سب بچوں کے ہاتھ میں کاغذ کا ایک ٹکڑا A4 سائز کا دیں اور بچوں سے کہیں کہ اس کو اپنے منہ کے سامنے دونوں ہاتھوں سے پکڑ لیں۔

☆ اب آپ ''ب'' کی آواز نکالیں، پھر ''بھ'' کی۔ بچوں کو کاغذ کو غور سے دیکھنے کی ہدایت کریں۔ ''ب'' پر کاغذ نہیں ہلے گا، جب کہ ''بھ'' پر کاغذ میں ہلکی سی حرکت محسوس ہو گی۔ بچوں کو بتائیں کہ اس کی وجہ یہ ہے کہ ''بھ'' بولتے وقت ہم اپنے منہ میں ہوا بھرتے ہیں، جب کہ ''ب'' بولتے وقت ایسا نہیں ہوتا۔ یہی سرگرمی بچوں کے ہاتھ میں کاغذ دے کر

کروائیں اور تمام حروف خود بولیں اور بچوں کے ساتھ دہرائیں۔ ہر بچے کی ادائی درست کروائیں۔

☆ جس طرح ان حروف کی درست ادائیگی کی مشق بہت ضروری ہے، اسی طرح ان کی لکھائی کے لیے بھی درست طریقہ کار اختیار کیا جانا بہت ضروری ہے۔ اکثر بچے ان بھاری حروف کو غلط طریقے سے لکھتے ہیں۔ تیر کے نشانوں کی مدد لیتے ہوئے تختہ ءتحریر پر بڑا بڑا کر کے لکھیں اور بچّوں سے اپنے ساتھ ہاتھ اٹھا کر ہوا میں لکھنے کے لیے کہیں۔ یہ عمل بار بار دہرائیں۔ بچے اپنی انگلیوں سے درست انداز میں میز پر لکھیں۔ باری باری ہر بچے کے پاس جا کر دیکھیں کہ کیا وہ درست سمت میں لکھ رہا ہے۔

☆ کتاب کا صفحہ نمبر ۱۵ متعارف کروائیں۔

☆ طلبہ سے کاپی پر بھاری حروف لکھوائیں۔

**سرگرمی:**

☆ طلبہ کو گرہوں میں تقسیم کر کے ان کے مابین بھاری حروف کے فلیش کارڈز تقسیم کر دیں۔ طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں کہ وہ بھاری حروف کے نام بتائیں۔

**جانچ:** بذریعہ سرگرمی+تحریری کام

**اختتام:** طلبہ اپنے ساتھیوں سے بھاری حروف کی شناخت کرنے کو کہیں۔

## ہفتہ نمبر:۶

| موضوع/عنوان: | دوچشمی حروف کا مصوتوں سے ملاپ+الفاظ سازی |
|---|---|

**پیریڈ درکار:3** **وقت درکار:120 منٹ**

---

**تدریسی مقاصد:**

☆ طلبہ کو دوچشمی حروف مصوتوں سے ملا کر الفاظ بنانے کے قابل بنانا۔

**تدریسی معاونات:**

☆ کتاب، تختہ ءتحریر، مارکر، ڈسٹر۔

**آغاز:**

☆ طلبہ کوخوش آمدید کہنے کے بعد اُن سے دوچشمی حروف تختہ تحریر پر لکھوائیں۔

**طریقہ تدریس:**

☆ جماعت کو دوچشمی حروف پڑھنے کو کہیں۔ پھر 'ھا' کی آواز نکالیں اور بچّوں سے پوچھیں کہ کیا کوئی بچّہ 'ھا' لکھ سکتا ہے۔ یہ ہی عمل 'پھا، تھا، ٹھا، بھا، چھا، دھا، ڈھا، کھا اور گھا' کے ساتھ دہرائیں۔ پھر 'ھو' کی آواز نکالیں اور بچّوں سے پوچھیں کہ کیا کوئی بچّہ 'ھو' لکھ سکتا ہے۔ یہ ہی عمل 'بھو، پھو، تھو، ٹھو، جھو، چھو، دھو، ڈھو، کھو اور گھو' کے ساتھ دہرائیں۔ اس طریقے سے 'ی' اور 'ے' سے دوچشمی حروف کا ملاپ کروائیں۔

☆ اب طلبہ کو ہاتھ میں دوچشمی حروف اور دیگر حروفِ تہجی کے فلیش کارڈز پکڑائیں۔ پھر ایک دوچشمی حروف بولیں اور ایک حروفِ تہجی۔ جن طلبہ کے ہاتھ میں وہ دوچشمی حروف اور حروفِ تہجی کا کارڈ ہو وہ جماعت کے سامنے آجائے معلّمہ دونوں کو ملا کر لفظ بولے اور اسے تختہ تحریر پر لکھے۔ طلبہ سے اسے پڑھنے کی مشق کروائے۔

☆ اس کے بعد صفحہ نمبر ۱۶ متعارف کروائیں اور طلبہ سے اسے تختہ تحریر پر حل کرنے کو کہیں۔ تختہ تحریر پر صفحہ مکمل کرنے کے بعد طلبہ سے یہ صفحہ کتاب پر مکمل کروائیں۔

☆ یہ ہی عمل بھاری حروف سے بننے والے سہ اور چہار حرفی حروف کے ساتھ دہراتے ہوئے کتاب کے متعلقہ صفحات (۱۶+۱۷) مکمل کروائیں۔

**جانچ:** بذریعہ تحریری کام۔

**اختتام:** ہر روز صفائی سے کام مکمل کرنے والے طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں۔

## ہفتہ نمبر:۶

| موضوع/عنوان: | الفاظ کے حروف الگ کرنا |
|---|---|

**پیریڈ درکار:5** **وقت درکار: 200 منٹ**

**تدریسی مقاصد:**

☆ طلبہ کو الفاظ کے حروف الگ کرنے کے قابل بنانا۔

**تدریسی معاونات:**

☆ کتاب، تختۂ تحریر، مارکر، ڈسٹر۔

**آغاز:**

☆ طلبہ کو خوش آمدید کہنے کے بعد اُنھیں بتائیں کہ آج نئے الفاظ بنانے کی بجائے ہم الفاظ کے حروف الگ الگ کرنا سیکھیں گے۔

**طریقہ تدریس:**

☆ کتاب کے صفحہ نمبر ۱۶ پر دیے گئے الفاظ تختۂ تحریر پر متعارف کروا کے طلبہ سے پڑھنے کو کہیں۔ طلبہ سے پوچھیں کہ کیا کوئی بچّہ ' کان ' کے حروف لکھ سکتا ہے۔ مختلف طلبہ کو تختۂ تحریر پر حروف لکھنے میں مدد دیتے ہوئے صفحہ نمبر ۱۸ پر دیے گئے الفاظ کے حروف لکھوائیں۔

☆ اب صفحہ نمبر ۱۱+۱۳+۱۹ پر دیے گئے الفاظ تختۂ تحریر پر متعارف کروا کے ان کی شناخت کے عمل کو مکمل بنائیں اور طلبہ سے الفاظ کے حروف الگ کروائیں۔

☆ بعدازاں طلبہ اپنی کتب پر یہ کام مکمل کریں۔

**سرگرمی:** طلبہ ایک دوسرے کے کام کی جانچ کریں۔

**جانچ:** بذریعہ تحریری کام۔

**اختتام:** صفائی سے کام مکمل کرنے والے طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں۔

## ہفتہ نمبر: ۷

| | |
|---|---|
| **موضوع/عنوان:** | **'وٗ' اور 'یٗ' کی اقسام** |

**پیریڈ درکار: 3** **وقت درکار: 120 منٹ**

**تدریسی مقاصد:**

☆ طلبہ کو 'وٗ' اور 'یٗ' کی اقسام کی شناخت کے قابل بنانا۔

**تدریسی معاونات:**

☆ کتاب، تختہ تحریر، مارکر، ڈسٹر۔

**آغاز:**

☆ طلبہ کوخوش آمدید کہنے کے بعد اُن سے 'و' اور 'ی' سے متعلقہ مختلف الفاظ تختہ تحریر پر لکھنے کو کہیں مثلاً: شور، چور، تالی، بالی اور پانی وغیرہ۔

**طریقہ تدریس:**

☆ اب طلبہ کو کتاب میں دی گئی 'و' اور 'ی' کی اقسام متعارف کروائیں۔

☆ مثالوں کو تختہ تحریر پر لکھ کر طلبہ سے تمام الفاظ پڑھوائیں۔ پھر صفحہ نمبر ۱۹ پر دی گئی لکھنے کی مشق تختہ تحریر پر متعارف کروا کے طلبہ سے الفاظ پڑھنے کو کہیں۔ اس کے بعد کتاب کا صفحہ مکمل کروائیں۔

☆ طلبہ کو یہ الفاظ کاپی پر بھی لکھنے کو کہیں۔

**سرگرمی:**

☆ صفحہ نمبر ۱۹ پر دیے گئے الفاظ کے فلیش کارڈز طلبہ کے درمیان تقسیم کریں اور طلبہ سے اپنے کارڈز پر لکھے الفاظ پڑھنے کو کہیں۔

**جانچ:** طلبہ سے تختہ تحریر پر الفاظ کی املا لکھوائیں۔

**اختتام:** طلبہ اپنے فلیش کارڈ میں دی گئی 'و' اور 'ی' کی شکل بیان کریں۔

## ہفتہ نمبر: ۸

| موضوع/عنوان: | اعراب |
|---|---|

**پیریڈ درکار: 3** **وقت درکار: 120 منٹ**

**تدریسی مقاصد:**

☆ طلبہ کو اعراب کے درست استعمال کے قابل بنانا۔

**تدریسی معاونات:**

☆ کتاب، تختۂ تحریر، مارکر، ڈسٹر۔

**آغاز:**

☆ طلبہ کو خوش آمدید کہنے کے بعد کسی ایک بچّے کو بلا'اِس' لکھنے کو کہیں۔ پھراسی بچّے کو'اُس' لکھنے کو کہیں۔

☆ اب طلبہ کو کہیں کہ وہ غور کریں کہ'اِس' اور'اُس' کوایک طرح لکھا گیا ہے مگر دونوں کی آواز میں فرق ہے۔طلبہ کو بتائیں یہ فرق اعراب کی وجہ سے ہے۔

**طریقہ تدریس:**

☆ اب باری باری طلبہ کو کتاب کی مدد سے زِیر، زَبر، پیش، تشدید اور نون غُنہ کا تعارف کروائیں۔

☆ آوازوں پر غور کروائیں۔

☆ کتاب میں دیے گئے صفحہ نمبر۲۰، ۲۱، ۲۲ سوالات تختۂ تحریر پر متعارف کروا کر طلبہ سے حل کروائیں۔ پھر انھیں کتاب پر یہ سوالات حل کرنے کو کہیں۔

**جانچ:** بذریعہ تحریری کام۔

**اختتام:** صفائی سے کام مکمل کرنے والے طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں۔

**ہفتہ نمبر:**

| | |
|---|---|
| **موضوع/عنوان:** | **''یہ'' اور ''وہ'' کا تعارف ''ہے'' اور ''ہیں'' کا تعارف 'میں' اور 'ہوں' کا تعارف/ تھا، تھی، تھے کا استعمال/ میرا، ہم، ہمارا، تم، تمہارا کا استعمال** |

**پیریڈ درکار: 4** **وقت درکار: 200 منٹ**

**تدریسی مقاصد:**

☆ طلبہ کو اس قابل بنانا کہ وہ ''یہ'' اور ''وہ'' کے درست استعمال کے بارے میں جان لیں۔

☆ جملوں میں ''یہ'' اور ''وہ'' کا درست استعمال کریں۔

☆ ''ہے'' اور ''ہیں'' کے درست استعمال کے بارے میں جان لیں۔

☆ جملوں میں ''ہے'' اور ''ہیں'' تھا، تھی، تھے کا درست استعمال کریں۔

☆ ''میں'' اور ''ہوں'' تم تمہارا وغیرہ کا درست استعمال کر سکیں۔

## تدریسی معاونات:

☆ فلیش کارڈز، تختۂ تحریر، مارکر، ڈسٹر، کتاب۔

## آغاز:

☆ معلّمہ مختلف اشیا طلبہ کو دکھا کر ان کے متعلق پوچھیں مثلاً یہ کیا ہے؟، وہ کیا ہے؟، یہ کیا ہے؟، وہ کیا ہیں؟

## طریقہ تدریس:

☆ بچّوں کو بتائیں کہ ''یہ'' کا استعمال قریب کی چیزوں کے لیے کیا جاتا ہے۔

☆ ''وہ'' کا استعمال دور کی چیزوں کے لیے کیا جاتا ہے۔

☆ واحد یا ایک چیز کے لیے ''ہے'' کا استعمال کیا جاتا ہے۔

☆ جمع یا ایک سے زیادہ چیزوں کے لیے ''ہیں'' کا استعمال کیا جاتا ہے۔

☆ بچوں کو مختلف سادے جملے بنوا کر ''یہ'' اور ''وہ'' کی مشق کروائیں۔

☆ بچوں کو مختلف سادے جملے بنوا کر ''ہے'' اور ''ہیں'' کی مشق کروائیں۔

☆ ایک ایک کر کے کتاب کے صفحات متعارف کروائیں۔

☆ ''میں'' اور ''ہوں'' کو متعارف کروا کے جملوں کے ذریعے ان کا استعمال واضح کریں۔

☆ طلبہ کو انفرادی طور پر کام کرنے پر راغب کریں۔

☆ دُرُست کام کرنے والے طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں۔ اور اغلاط کرنے والے طلبہ کی مدد کر کے ان کی اغلاط دور کروائیں۔

☆ طلبہ کو بتائیں جو کام ہو چکا ہو اس کے لئے تھا، تھی، تھے کا استعمال کیا جاتا ہے۔ تختہ تحریر پر تھا، تھی، تھے کا استعمال روشناس کراوائیں۔

☆ تم، تمہارا، ہمارا کے الفاظ تختہ تحریر پر لکھ کر طلبہ سے پڑھوائیں اور جملہ سازی کروائیں۔

**سرگرمی:**

☆ نامکمل جملے تختہ تحریر پر لکھ کر طلبہ سے جملے مکمل کروائیں۔ مثلاً:

............لڑکا............۔

............ پودے ............۔

............شاخ............۔

............ یار ............۔

............کتاب ............۔

............تارے ............۔

☆ صفحہ نمبر ۲۴+۲۵ مکمل کروائیں۔

**جانچ:** بذریعہ تحریری کام۔

**اختتام:** طلبہ کو 'یہ، وہ، میں، ہے، ہیں اور ہوں' کے الفاظ کے فلیش کارڈز دے کر ان الفاظ سے جملے بنانے کو کہیں۔

**ہفتہ نمبر: ۱۳+۱۴**

| **موضوع/عنوان:** | **حمد (نظم)** |
|---|---|

**پیریڈ درکار: 1** **وقت درکار:**

**تدریسی مقاصد:**

☆ بچّوں کو حمد کے معنی و مفہوم سے آگاہ کرنا۔ ☆ بچّوں کو نئے الفاظ لکھنے کے قابل بنانا۔

☆ بچّوں کو اس قابل بنانا کہ وہ حمد پڑھنے، سمجھنے اور زبانی یاد کرنے کے قابل ہو جائیں۔

**تدریسی معاونات:**

☆ تختہ تحریر، مارکر، ڈسٹر۔

☆ نئے الفاظ کے فلیش کارڈز۔

☆ چاند، سورج، پھل، میوے اور مختلف غذاؤں کی تصاویر یا ماڈل۔

☆ کارڈز جن پر حروف علیحدہ کرنے اور جوڑنے کے لیے حروف و الفاظ تحریر ہوں۔

☆ کتاب۔

**آغاز:** (۵ منٹ)

☆ طلبہ کو خوش آمدید کہیں۔ اُن کا حال احوال دریافت کریں۔

☆ بچّوں سے پوچھیں کہ جب کوئی اُن کی مدد کرتا ہے یا اُنھیں کچھ دیتا ہے تو وہ جواب میں یا بدلے میں کیا کرتے ہیں۔ اُنھیں اِس بات کا احساس دلائیں کہ ہمیں بدلے میں لوگوں کا شکریہ ادا کرنا چاہیے۔ اُن سے پوچھیں کہ شکریہ ادا کرنے سے کیا ہوگا۔ اُنھیں سمجھائیں کہ شکریہ ادا کرنے سے ہماری مدد کرنے والا ہم سے خوش ہو جائے گا۔ اُن سے پوچھیں:

☆ سورج کس نے بنایا؟

☆ چاند اور ستارے کس نے بنائے؟

☆ ہمیں کس نے پیدا کیا؟

☆ پھل اور میوے کیسے پیدا ہوئے؟

☆ ہمارے کھانے کے لیے طرح طرح کی چیزیں کس نے بنائیں؟

☆ طلبہ کو اس بات کا احساس دلوائیں کہ اس کائنات میں اِنسان کی سب سے زیادہ مدد اللہ تعالیٰ کرتے ہیں۔ ہم ان کی نعمتوں کو شمار نہیں کر سکتے۔ جس طرح ہم لوگوں کا شکریہ ادا کرتے ہیں۔ اسی طرح اللہ اشکر ادا کرنا، اس کی تعریف کرنا بھی ضروری ہے۔ اور آج ہم حمد پڑھیں گے جس میں شاعر نے اللہ کی تعریف کی ہے۔

**طریقہ تدریس:** (۲۰ سے ۲۵ منٹ)

ان سوالات کو پوچھنے کے بعد نئے الفاظ کے فلیش کارڈز بچّوں دکھائیں اور ان کو درست تلفظ کے ساتھ پڑھیں۔ اس دوران بچّے دھیان سے سنیں۔ الفاظ کے توڑ بھی تختہ تحریر پر لکھیں۔ طلبہ سے الفاظ بار بار پڑھوائیں۔ بچوں کو حمد کے بارے میں بتائیں کہ حمد سے مراد ایسے شعر (نظم) ہیں جن میں اللہ تعالیٰ کی تعریف بیان کی گئی ہو۔ پھر ان اشعار کو پڑھیں اور ان کی وضاحت آسان الفاظ میں کریں۔ طلبہ کو غور سے سننے کے لیے کہیں۔ طلبہ کو بتائیں کہ انھیں سوچنا چاہیے کہ یہ چاند اور سورج کس نے بنائے ہیں۔ ہمارے لیے پھل اور مختلف طرح کے ذائقہ دار میوہ جات کس نے اگائے ہیں۔ انھیں اس بات کا احساس دلائیں کہ یہ تمام نعمتیں اللہ نے ہمارے لیے بنائی ہیں۔ طلبہ سے پوچھیں کہ وہ غور کریں کہ ہمیں کھانے پینے کو کون دیتا ہے، کون ہے جو

ہر لمحہ، ہر وقت ہماری مدد کرتا ہے۔طلبہ کو اس بات کا احساس دلائیں کہ وہ ذات صرف اللہ کی ذات ہے۔طلبہ سے پوچھیں کہ کس نے ہمیں سچائی کا اور حق کا راستہ دکھایا ہے؟ کس نے ہمیں اسلام کے راستے پر چلایا ہے؟ یقیناً یہ اللہ ہی کی مہربانی ہے کہ اُس نے ہمیں مسلمان پیدا کیا ہے۔

حمد میں موجود نئے الفاظ پر دائرہ بنوائیں۔

حمد بچوں سے باری باری پڑھوائیں (دو دو بچّوں سے جوڑی کی شکل میں پڑھوائیں، جن میں ایک اچھا پڑھنے والا ہو اور دوسرا وہ جس کو پڑھنے میں دشواری آتی ہو)۔ پھر ۵،۵ بچوں کے گروہ بنوا کر ان سے پڑھوائیں جس کے بعد سب بچّے آپ کے ساتھ مل کر پڑھیں۔اس طرح ان کو یہ حمد زبانی یاد ہو جائے گی۔

**جانچ:** مختلف بچّوں سے حمد کے مختلف اشعار پڑھوائیں۔ (۵ منٹ)

**گھر کا کام:** حمد کو پڑھیں۔مشکل الفاظ کو لکھنے کی مشق کریں۔ (۲ منٹ)

**اختتام:** طلبہ سے پوچھیں کہ اُنھوں نے حمد سے کیا سیکھا۔ (۲ منٹ)

**ہفتہ نمبر:**

| موضوع/عنوان: | حمد (نظم) |
|---|---|

**پیریڈ درکار:2** **وقت درکار:**

---

## تدریسی مقاصد:

☆ سبق کے اختتام پر طلبہ کو اس قابل بنانا کہ حمد کا مفہوم سمجھ سکیں، اللہ تعالیٰ کی نعمتیں کا شکر ادا کر سکیں، نئے الفاظ سیکھ سکیں اور حمد پڑھ سکیں۔

## تدریسی معاونات:

☆ تختہ تحریر۔

☆ نئے الفاظ کے فلیش کارڈز۔

☆ مارکر، ڈسٹر۔

☆ کتاب۔

## آغاز:

☆ طلبہ کوخوش آمدید کہنے اوراُن کا حال احوال جاننے کے بعد اُن سے پوچھیں کہ حَمد کسے کہتے ہیں نیز اُنھوں نے کل جو حَمد پڑھی اُس سے کیا سیکھا۔

## طریقہ تدریس:

☆ طلبہ کو اھم الفاظ کے فلیش کارڈز دوبارہ دکھائیں اور ان کو درست تلفظ کے ساتھ پڑھیں۔ اس دوران بچّے دھیان سے سنیں۔ بچوں کو حمد کے بارے میں بتائیں کہ حمد سے مراد ایسے شعر (نظم) ہیں جن میں اللہ تعالیٰ کی تعریف بیان کی گئی ہو۔ پھر ان اشعار کی وضاحت آسان الفاظ میں کریں۔ مثلاً یہ سورج، چاند، پھل اور میوے اللہ تعالیٰ نے پیدا کیے ہیں۔ ہمیں اور تمام جانداروں کو بھی اللہ تعالیٰ نے پیدا فرمایا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے نہ صرف ہمیں پیدا کیا ہے بلکہ زندہ رہنے کے لیے ہر طرح کا رزق بھی دیا ہے۔ اس لیے تمام تعریف اور شکر اللہ تعالیٰ کے لیے ہی ہے۔

☆ اب حَمد ایک بار آپ پڑھیں اور پھر بچّوں سے باری باری پڑھوائیں۔

## سرگرمی:

☆ تختہ تحریر پر ببل میپ بنا کر طلبہ سے اللہ کی نعمتیں لکھوائیں اور انھیں اس بات کا احساس دلوائیں کہ ہمیں اللہ کا شکر ادا کرنا چاہیے۔




**جانچ:** معلّمہ طلبہ سے پوچھے:

(i) حمد کسے کہتے ہیں؟ (ii) اللہ کی شکر گزاری کیوں ضروری ہے؟

**گھر کا کام:** حمد کی بلند خوانی کریں اور اسے املا کے لیے تیار کریں۔

**اختتام:** معلّمہ طلبہ سے پوچھے کہ انھوں نے حَمد سے کیا سیکھا؟

ہفتہ نمبر:

| موضوع/عنوان: | حمد (نظم) |
|---|---|

**پیریڈ درکار:4+5** **وقت درکار:**

**تدریسی مقاصد:**

☆ طلبہ کو املا لکھنے کے قابل بنانا۔

☆ طلبہ کو جملہ سازی کروانا۔

**تدریسی معاونات:**

☆ تختۂ تحریر، مارکر، ڈسٹر، کتاب

**آغاز:**

☆ معلّمہ طلبہ سے پوچھے کہ انہوں نے گذشتہ روز سبق سے کیا سیکھا۔ نیز وہ کب کب اللہ کا شکر ادا کرتے ہیں؟

**طریقہ تدریس:**

☆ معلّمہ طلبہ سے کاپیاں املا اور جملہ سازی کے لیے تیار کروائے گی۔

| املاء | جملے |
|---|---|
| | |

☆ معلّمہ طلبہ سے کاپیوں پر املا کروائے گی۔

☆ معلّمہ املا کے الفاظ تختۂ تحریر پر لکھے گی اور طلبہ کو اپنی اغلاط درست کرنے کو کہے گی۔

☆ معلّمہ طلبہ کی حوصلہ افزائی کرے گی کہ ان الفاظ کو جملوں میں استعمال کریں۔ معلّمہ طلبہ سے تختۂ تحریر پر جملہ سازی کروائے گی اور اصلاح کے بعد ان کی حوصلہ افزائی کرے گی کہ وہ کاپیوں پر جملہ سازی کریں۔

**سرگرمی:** سب سے پہلے کام مکمل کرنے والا طالب علم معاون استاد کا کردار ادا کرے گا۔

**جانچ:** بذریعہ تحریری کام

**گھر کا کام:** کاپیوں پر اللہ تعالیٰ کی عطا کردہ نعمتوں کی فہرست بنائیں۔

**اختتام:** معلّمہ صفائی سے کام کرنے والے طلبہ کی حوصلہ افزائی کرے گی۔

**ہفتہ نمبر:**

| موضوع/عنوان: | حمد (نظم) |
|---|---|

**پیریڈ درکار:** **وقت درکار:**

---

**تدریسی مقاصد:**

☆ طلبہ کو مشق حل کرنے کے قابل بنانا۔

☆ طلبہ کی تحریری صلاحیتوں کو ابھارنا۔

**تدریسی معاونات:**

☆ تختہ تحریر، مارکر، ڈسٹر، کتاب

**آغاز:**

☆ معلّمہ طلبہ سے پوچھے کہ اُنھوں نے حمد سے کیا سیکھا۔ اور اللہ کی تعریف بیان کرنے سے کیا ہوگا؟

**طریقہ تدریس:**

☆ معلّمہ مشق کا سوال نمبر ۱ تختہ تحریر پر متعارف کروا کے طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں کہ وہ اس سوال کو پڑھیں اور حل کریں۔ تختہ تحریر پر حل کروانے کے بعد طلبہ سے یہ سوال کتاب پر حل کرنے کو کہیں۔

☆ طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں کہ وہ یہ سوال اپنے ساتھی کو پڑھ کر سنائیں۔

☆ اسی طرح سوال نمبر ۲ میں دیے گئے سوالات زبانی طلبہ سے پوچھیں۔ اس کے بعد یہ سوالات تختہ تحریر پر متعارف کروا کے طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں کہ وہ جوابات تختہ تحریر پر لکھیں۔ ان کی اغلاط کی اصلاح کریں۔ اس کے بعد انھیں اپنی

کتب پر یہ سوال صفائی سے حل کرنے کو کہیں۔ کتب پر یہ سوال کروانے کے بعد یہ ہی سوال طلبہ سے کاپیوں پر حل کروائیں۔

☆ سوال نمبر ۵+۶ متعارف کروا کے طلبہ سے تختہ تحریر پر حل کروائیں۔ اصلاح کے بعد طلبہ سے یہ سوالات پہلے کتب پر اور پھر کاپیوں پر حل کروائیں۔

☆ لفظ 'کان' تختہ تحریر پر لکھیں اور پھر 'ک' کی جگہ 'ش' کا استعمال کرتے ہوئے نیا لفظ بنائیں۔ طلبہ کو اس کھیل میں شامل کریں اور سوال نمبر ۸ تختہ تحریر پر حل کروائیں۔ بعدازاں طلبہ انفرادی طور پر یہ سوال کتب میں حل کریں

☆ طلبہ کو مختلف اشیا دکھا کر گننے کو کہیں۔ تختہ تحریر پر مختلف اشیا بنا کر طلبہ سے گنتی کروائیں۔ اشیا کو گن کر گنتی اُردو ہندسوں اور لفظوں میں تختہ تحریر پر لکھیں اور طلبہ سے پڑھنے کو کہیں۔ طلبہ سے تختہ تحریر پر گنتی لکھوائیں۔ بعدازاں طلبہ گنتی کاپیوں میں لکھیں۔

**سرگرمی:** کتاب کے صفحہ نمبر ۲۹ پر دی گئیں سرگرمیاں ایک ایک کر کے طلبہ سے مکمل کروائیں۔

**جانچ:** بذریعہ تحریری کام

**گھر کا کام:**

مشقیں دہرائیں اور سبق کو جانچ کے لیے تیار کریں۔

**اختتام:** جماعت کو بتائیں کہ انھوں نے سبق سے کیا سیکھا ہے۔

## ہفتہ نمبر: ۱۴

| | |
|---|---|
| **موضوع/عنوان:** | **نعت (نظم)** |

**پیریڈ درکار:** **وقت درکار:**

---

**تدریسی مقاصد:**

☆ طلبہ میں نعت کو درست انداز میں پڑھنے اور سمجھنے کی خصوصیات پیدا کرنا۔

**تدریسی معاونات:**

☆ ذخیرہ الفاظ کے فلیش کارڈز۔ ☆ تختہ تحریر، مارکر، ڈسٹر۔ ☆ کتاب۔

## آغاز:

☆ طلبہ کوخوش آمدید کہیں۔اُن کا حال احوال دریافت کریں۔

☆ بچّوں سے پوچھیں کہ جب آپ کوکوئی بات سمجھ نہیں آتی تو آپ کس سے پوچھتے ہیں؟ مسلمانوں کی راہنمائی کے لیے اللہ تعالیٰ نے کس کو بھیجا؟ اُنھیں بتائیں کہ اللہ تعالیٰ نے اِنسانوں کی رہنمائی کے لیے نبی اور رسول بھیجے۔اُنھیں حضرت محمد ﷺ کا مکمل تعارف کروائیں کہ وہ اللہ کے آخری نبی ہیں۔اللہ نے اُنھیں ساری دُنیا کے اِنسانوں کی ہدایت کے لیے زمین پر بھیجا۔آپ ﷺ نے ہم اِنسانوں کو اللہ کی باتیں بتائیں اور ہمیں سکھایا کہ ہم کس طرح اللہ کے حکم کے مطابق اپنی زندگیاں گزار سکتے ہیں۔اُنھیں حمد اور نعت کے درمیان فرق بتائیں۔اُنھیں بتائیں کہ نعت وہ نظم ہے جس میں حضرت محمد ﷺ کی تعریف بیان کی جاتی ہے۔

## طریقہ تدریس:

☆ نئے الفاظ کے فلیش کارڈز دکھائیں اور ان الفاظ کو دُرست تلّفظ کے ساتھ پڑھائیں۔ان الفاظ کے توڑ بھی تختہ تحریر پر متعارف کروائیں۔

☆ اشعار پڑھیں اور اُن وضاحت کریں۔نبی اکرم ﷺ کی مثالی شخصیت کی اہم خصوصیات بیان کریں۔

☆ طلبہ کو بتائیں کہ آپ ﷺ کی ذاتِ مبارکہ تمام انسانی خوبیوں اور اوصاف کا کامل نمونہ ہے۔

☆ اُنھیں بتائیں کہ تمام انبیا عام انسانوں سے بہتر ہیں، گناہوں سے پاک ہیں اور نیک ہیں لیکن ہمارے نبی حضرت محمد ﷺ تمام نبیوں کے بھی سردار ہیں۔وہ تمام نبیوں سے مرتبے میں بلند ہیں۔اُنھیں اللہ تعالیٰ کا خصوصی پیار حاصل ہے۔اِسی لیے اللہ تعالیٰ نے اُنھیں اپنی ملاقات کا شرف بخشا۔اُنھیں آسمان پر بلایا اور آسمانوں کی سیر کروائی۔ہمارے نبی حضرت محمد ﷺ کو اللہ تعالیٰ نے کل جہاں کے لیے رحمت بنایا۔آپ ﷺ کا نام، ذات، کام ہر شے سب سے اعلیٰ ہے۔بلکہ اللہ تعالیٰ نے اُن ہی کی ذات کے لیے یہ دُنیا تخلیق کی اور اسے خوبصورت رنگوں اور نور سے سجایا۔

☆ اشعار کی بلند خوانی طلبہ سے کروائیں۔

☆ تلفظ کی ادائی میں کی گئی اغلاط کو تختہ ءتحریر پر لکھ کر درست کروائیں۔اس کا طریقہ یہ ہے کہ اگر طلبا کسی لفظ کی ادائی درست طریقے سے نہیں کر پاتے تو اس لفظ کو تختہ تحریر پر لکھیں اور اس پر اعراب لگائیں اور پھر پڑھ کر بتائیں۔

☆ اس عمل کے لیے تختہ ءتحریر پر دو کالم بنائیں اور ایک طرف غلط تلفظ اور دوسری جانب درست تلفظ لکھ کر واضح کریں۔

**جانچ:** مختلف بچّوں سے نعت کے مختلف اشعار پڑھوائیں۔

**گھر کا کام:** نعت کو دوبارہ پڑھیں۔

**اختتام:** طلبہ کو حضرت محمد ﷺ کی سیرت پر عمل کرنے کی ہدایت کریں۔ اُن سے پوچھیں کہ اُنھوں نے نعت سے کیا سیکھا ہے۔

## ہفتہ نمبر: ۱۴

| موضوع/عنوان: | نعت (نظم) |
|---|---|

**پیریڈ درکار:** **وقت درکار:**

**تدریسی مقاصد:**

☆ نظم کے اختتام پر طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ:

☆ نبی اکرم ﷺ کی صفات اور تعلیمات سے آگاہ ہو جائیں۔

☆ نعت کو درست انداز میں پڑھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

☆ ذخیرہ الفاظ کے فلیش کارڈز۔

☆ تختہ ءتحریر، مارکر، ڈسٹر، کتاب۔

**آغاز:**

☆ بچّوں کو خوش آمدید کہیں۔ اُن سے نعت کا مطلب پوچھیں۔

**طریقہ تدریس:**

☆ نعت کا لفظ تختہ تحریر پر متعارف کروائیں۔

☆ نئے الفاظ کے فلیش کارڈز دکھائیں اور ان الفاظ کو درست تلفظ کے ساتھ پڑھائیں۔

☆ مشکل الفاظ کے معانی تختہ ءتحریر پر لکھیں۔

☆ بلند آواز میں اور درست تلفظ کے ساتھ نعت کے اشعار پڑھیں۔

☆ اس کے بعد ان اشعار کی بلند خوانی طلبہ سے کروائیں۔

☆ اشعار کے معنی اور شاعر کا نام بتائیں۔

☆ نعت کے مرکزی خیال سے آگاہ کریں۔

☆ بچوں کو نعت زبانی یاد کروائیں۔

**سرگرمی:** طلبہ جوڑی کی شکل میں نعت پڑھیں۔

**جانچ:** بذریعہ بلند خوانی۔

**گھر کا کام:** نعت املا کے لیے تیار کریں۔

**اختتام:** معلّمہ طلبہ سے پوچھے کہ اُنھوں نے نعت سے کیا سیکھا؟

## ہفتہ نمبر:۱۴

| موضوع/عنوان: | نعت (نظم) |
|---|---|

**پیریڈ درکار: 4+5** **وقت درکار:**

**تدریسی مقاصد:**

☆ طلبہ کو املاء لکھنے کے قابل بنانا۔ ☆ طلبہ کو جملہ سازی کروانا۔

**تدریسی معاونات:**

☆ تختہ تحریر، مارکر، ڈسٹر، کتاب

**آغاز:**

☆ معلّمہ طلبہ سے پوچھے کہ اُنھوں نے گذشتہ روز نعت سے کیا سیکھا۔ نیز کیا وہ حضرت محمد ﷺ کی بتائی ہوئی باتوں پر عمل کرتے ہیں۔

**طریقہ تدریس:**

☆ معلّمہ طلبہ سے کاپیاں املاء اور جملہ سازی کے لیے تیار کروائے گی۔

| املا | جملے |
|---|---|
| | |

☆ معلّمہ طلبہ سے کاپیوں پر املا کروائے گی۔

☆ معلّمہ املاء کے الفاظ تختۂ تحریر پر لکھے گی اور طلبہ کو اپنی اغلاط درست کرنے کو کہے گی۔

☆ معلّمہ طلبہ کی حوصلہ افزائی کرے گی کہ اان الفاظ کو جملوں میں استعمال کریں۔ معلّمہ طلبہ سے تختۂ تحریر پر جملہ سازی کروائے گی اور اصلاح کے بعد ان کی حوصلہ افزائی کرے گی کہ وہ کاپیوں پر جملہ سازی کریں۔

**سرگرمی:** سب سے پہلے کام مکمل کرنے والا طالب علم معاون استاد کا کردار ادا کرے گا۔

**جانچ:** بذریعہ تحریری کام۔

**گھر کا کام:**

**اختتام:** معلّمہ صفائی سے کام کرنے والے طلبہ کی حوصلہ افزائی کرے گی۔

## ہفتہ نمبر: ۱۵+۱۴

| موضوع/عنوان: | نعت (نظم) |
|---|---|

**پیریڈ درکار:** **وقت درکار:**

**تدریسی مقاصد:**

☆ طلبہ کو مشق حل کرنے کے قابل بنانا۔

☆ طلبہ کی تحریری صلاحیتوں کو ابھارنا۔

**تدریسی معاونات:**

☆ تختۂ تحریر، مارکر، ڈسٹر، کتاب

**آغاز:**

☆ معلّمہ طلبہ سے پوچھے کہ اُنھوں نے نعت سے کیا سیکھا۔

**طریقہ تدریس:**

☆ معلّمہ کتاب کے صفحہ نمبر ۳ پر دیا گیا سوال نمبر ۲ متعارف کروائے اور پہلے طلبہ سے زبانی طور پر سوالات کے جوابات پوچھے۔ بعد از اصلاح اُن کی حوصلہ افزائی کرے کہ وہ جوابات تختۂ تحریر پر لکھیں۔ اصلاح کے بعد طلبہ کتاب پر

سوالات کے جوابات لکھیں۔ یہ ہی سوال کاپیوں پر بھی طلبہ سے لکھوایا جائے اور صفائی سے کام کرنے والے طلبہ کی حوصلہ افزائی کی جائے۔

